ماہانہ خبر نامہ
انجمن خدام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
شمارہ نمبر: 11
دسمبر 2019ء بمطابق ربیع الثانی 1441ھ
زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔

## فرمانِ الٰہی

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِىْ لِلَّتِىْ هِىَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا (سورہ بنی اسرائیل 9)

حقیقت یہ ہے کہ یہ قرآن وہ راستہ دکھاتا ہے جو سب سے زیادہ سیدھا ہے، اور جو لوگ (اس پر) ایمان لا کر نیک عمل کرتے ہیں، انہیں خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عن عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهٖ آخَرِيْنَ (رواہ مسلم)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اس کتاب (قرآن حکیم) کی بدولت قوموں کو بلند مرتبہ عطا کرتا ہے اور اس کو ترک کر دینے کی بناء پر ذلیل و رسوا کرتا ہے۔

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ دسمبر کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہو گا۔ آمین

قارئین محترم گزشتہ ماہ کے دوران مغرب کی طرف سے ایک مرتبہ پھر ایک ایسی مذموم اور گھناؤنی حرکت کی گئی کہ جس سے مسلمانوں کے دل زخمی ہیں اور ایک صدمہ کی کیفیت ہے۔ ناروے میں قرآن حکیم جو کہ کل نوع انسانی سے رب کائنات کا آخری کلام اور ہدایت نامہ ہے کو جلانے کی مذموم کوشش کی گئی۔ بہر حال اس غلیظ حرکت کی جس قدر بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے لیکن اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی توفیق عطا فرمائے کہ ہم قرآن حکیم سے اپنے تعلق کو از سر نو زندہ کریں اور اس ابدی ہدایت نامہ کے جو حقوق ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر عائد ہوتے ہیں ان کو ادا کرنے کی کوشش کریں (آمین)۔ قرآن کریم کے حقوق پر صدر مؤسس انجمن ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ کی معرکۃ الآراء کتاب ”مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق“ کا مطالعہ مفید رہے گا۔

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیر تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں رجوع الی القرآن کورس کا چھبیسواں بیچ الحمد للہ جاری ہے رجسٹرڈ طلبہ وطالبات کی تعداد62اور سامعین اور سامعات کی تعداد33 ہے اس کے علاوہ حضرات کے لیے مختصر کورسز میں رجوع الی القرآن کورس کی تکمیل کرنے والے طلبہ وطالبات کے لیے منتخباتِ علوم دینیہ کورس جس کی تدریس ہفتہ صبح 8:00 بجے تا دوپہر 1:00 بجے اس کے علاوہ ناظرہ کلاس بعد نماز فجر روزانہ۔ عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان "ہفتہ میں تین دن بروز پیر ،بدھ اور جمعرات بعد نماز مغرب ۔ حدیث کلاس بنام "مطالعہ و تفہیم ریاض الصالحین" ہفتہ میں دو دن بروز بدھ اور جمعہ بعد نماز مغرب تا عشاء کی تدریس بھی جاری ہے اسی طرح خواتین کے لیے مختصر کورس عربی گرامر کورس بنام "قرآن اب آسان کورس" ہفتہ میں دو دن بروز پیر اور جمعرات اوقات 3:30 تا 4:30 بجے، تجوید کلاس بنام :"ناظرہ القرآن کورس" ہفتہ میں دو دن منگل اور جمعرات اوقات صبح 10:00 سے 12:00 بجے، ترجمہ قرآن کی کلاس بنام "ترجمہ قرآن کورس"ہفتہ میں چار دن پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ اوقات 3:30 تا 4:30 بجے۔ مسجد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہے۔ فرض نمازوں کے بعد فجر کے بعد مطالعہ سیرۃ النبی ﷺ، ظہر کی نماز کے بعد بیان القرآن کا مطالعہ، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث اور ہر اتوار کو ظہر کے بعد دورہ ترجمہ قرآن کا اہتمام ہے۔ الحمد للہ مدرسہ میں شعبہ حفظ و ناظرہ و قاعدہ قائم ہیں جس میں کثیر تعداد میں طلبہ وطالبات قرآن کریم کو پڑھنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ اسٹاف کی دینی واخلاقی تربیت کے لیے روزانہ صبح 9:10 تا 9:30 کلاس ہوتی ہے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمد للہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا سلسلہ جاری ہے 41 طلبہ اور 57 طالبات اس کورس میں حصہ لے رہے ہیں جبکہ 5 سامع اور سامعات بھی اس کورس کا حصہ ہیں۔ نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس الحمدللہ 14 نومبر کو مکمل ہوا جس میں طلبہ کی تعداد 20 تھی۔ نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کے فارغ التحصیل طلبہ کی خواہش پر حفظ کی خصوصی کلاس کا آغاز 25 نومبر سے کیا گیا ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب حافظ محمد اسد صاحب ادا کر رہے ہیں کلاس کے اوقات پیر تا جمعہ صبح 8 بجے تا 9 بجے تک ہے جس میں اوسطاً 10 طلبہ شرکت کر رہے ہیں۔ ادارہ کے خادمین کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر دورانیہ کی کلاس دینی تربیت برائے خادمین کے نام سے ترتیب دی گئی ہے تدریس کے اوقات پیر سے جمعرات اور ہفتہ صبح 10:00 تا 10:15 ہیں۔ جناب جمیل احمد صاحب، جناب توحید خان صاحب اور جناب حافظ محمد اسد صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں طلبہ کی عملی مشق کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر درس قرآن وحدیث کا اہتمام ہے بعد نماز ظہر 1:30 تا 1:33 بجے۔ الحمد للہ مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنے والے حضرات کے لیے بعد نماز عصر درس حدیث کا اہتمام ہے جس کی ذمہ داری امام مسجد جناب عبد الحسین صاحب کے ذمہ ہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس کے چوتھے بیچ میں تدریس کا سلسلہ بحسن خوبی جاری ہے تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں۔ مدرسۃ القرآن قرآن اکیڈمی کورنگی میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ حفظ القرآن میں 24 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 93 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اسی طرح بنات میں 115 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں طلبہ کی تربیت کے لیے ہر ہفتہ تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی سے متصل جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دیتے ہیں۔ ادارہ کے تحت مجالسِ نکاح کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔ جس میں اصلاحِ معاشرہ کے حوالے سے مختصر بیان بھی کیا جاتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں حلقۂ خواتین کے تحت ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو 4 بجے ماہانہ درسِ قرآن منعقد کیا جاتا ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں مختلف تعلیمی سرگرمیاں جاری ہیں جن میں ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے علاوہ ہفتہ وار منتخبات علوم دینیہ برائے حضرات، دروس اللغۃ العربیہ برائے حضرات وخواتین اور بچوں اور بچیوں کے لئے ہفتہ وار تربیتی کورسز شامل ہیں۔ان تمام کورسز میں تقریباً200 کے قریب طلبہ و طالبات حصہ لے رہے ہیں۔ ادارہ میں موجود مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں خطاب جمعہ کی سعادت مدیر ادارہ حاصل کررہے ہیں۔ گزشتہ مہینے میں سیرت النبی ﷺ کے موضوعات پر خطابات ہوئے۔ مجلس تحفظ ختم نبوت ﷺ کے خطیب جناب مولانا عبدالحئی صاحب نے ختم نبوت کے موضوع پر خصوصی خطاب کیا۔ مسجد ہی میں حلقہ بالغاں برائے تجوید بعد نماز فجر منعقد ہوتا ہے جبکہ آداب المعاشرت کا مطالعہ بعد ظہر جناب ایاز ایوب صاحب اور مسائل العبادات کا مطالعہ بعد عصر جناب قاری غلام اکبر صاحب کروارہے ہیں۔ امام صاحب روزانہ بعد نماز فجر ترتیب سے 3 رکوع کا ترجمہ سناتے ہیں جن کو نماز میں تلاوت کیا جاتا ہے۔مدرسۃ القرآن میں قاعدہ وناظرہ کی تدریس دوپہر 3 بجے سے ہوتی ہے۔بچوں کو نماز، دعائیں اور دیگر آداب زندگی سکھانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔شام کے اوقات میں مقامی نظم کے تحت دینیات کورس جاری ہے جس میں بنیادی عربی گرامر، تجوید اور دورہ ترجمہ قرآن شامل ہیں۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں الحمدللہ صبح کے اوقات میں خواتین وحضرات کے لیے رجوع الی القرآن کورس کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے جس میں 12 حضرات اور 18 خواتین حصول علم کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ صبح کے اوقات میں نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کی تکمیل اللہ تعالی کے خصوصی فضل اور اس کی نصرت سے ہوچکی ہے جس میں 5 طلبہ نے کورس مکمل کرنے کی سعادت حاصل کی۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے جس میں قاری صاحب بچوں کو ناظرہ قرآن اور مفتی صاحب بچوں کی اخلاقی تربیت کا اہتمام فرماتے ہیں۔ بعد نمازِ عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ جاری ہے جس میں بڑی عمر کے حضرات کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ہر اتوار دوپہر 11 تا 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا صاحب ادا کر رہے ہیں۔ ہر اتوار بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب فاروق ناغڑ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ تنظیمِ اسلامی لطیف آباد حیدرآباد کے نظم کے تحت خواتین کے لیے دوپہر کے اوقات میں تین ماہ پر مشتمل دینیات کورس جاری ہے، 15 طالبات اس کورس کو کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہیں۔ حضرات و خواتین کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز شارٹ کورس بھی جاری ہے جس میں اوسط حاضری 20 مرد،20 خواتین کی ہے (الحمدللہ)

## قرآن مرکز لانڈھی

مدرسۃ القرآن میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ حفظ القرآن میں 39 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 51 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ البنات میں 70 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں طلبہ کی تربیت کے لیے تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ مدرسہ حفظ القرآن میں 2 طلبا نے تکمیل حفظ کی سعادت حاصل کی جبکہ شعبہ حفظ میں ششماہی امتحان کا انعقاد کیا گیا جس میں مدرسہ اقراء خیر الکلام ملحقہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے استاذ قاری ارشاد احمد صاحب ادارے کی دعوت پر امتحان کے لئے تشریف لائے۔ الحمدللہ انہوں نے ادارے کے مجموعی تعلیمی معیار کو بہتر قرار دیا۔ تنظیم اسلامی لانڈھی کے تحت شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں۔ جس میں 9 حضرات اور 26 خواتین شریک ہیں۔ جمعہ کے دن بعد نماز عشاء پندرہ روزہ درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض ناظمِ قرآن مرکز لانڈھی جناب محمد ہاشم صاحب انجام دیتے ہیں۔ ان نشستوں میں سورہ بنی اسرائیل کا سلسلہ وار مطالعہ جاری ہے۔ خواتین کے لیے بھی شرکت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## دی ہوپ اسلامک اسکول

دی ہوپ اسلامک اسکول میں Second Term کے امتحانات کا سلسلہ شیڈول کے مطابق جاری ہے۔ بوائز سیکشن میں سیرت النبی ﷺ کے ضمن میں اسمبلی کے موقع پر طلبہ سے تقاریر اور نعتِ رسول مقبول ﷺ کا خصوصی اہتمام کروایا گیا۔ جس میں طلبہ نے سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کیا۔ گرلز سیکشن میں 9 نومبر کو علامہ اقبالؒ کے حوالے سے ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس میں طالبات نے تقاریر اور علامہ اقبالؒ کی نظمیں پیش کیں۔ امتحانات سے قبل اسکول کے اساتذہ کی ایک میٹنگ رکھی گئی جس میں طلبہ وطالبات کی تعلیمی کیفیت، کاپی چیکنگ اور سلیبس کی تکمیل کا جائزہ لیا گیا۔

### ضرورت ہے

دی ہوپ اسلامک اسکول میں سائنس اور انگلش کے مضامین کی تدریس کے لیے دینی مزاج کے حامل حضرات وخواتین کی ضرورت ہے، خواہش مند حضرات و خواتین اپنے مکمل کوائف کے ہمراہ رابطہ فرمائیں۔

ایڈریس: دی ہوپ اسلامک اسکول، متصل طیبہ مسجد، زمان ٹاؤن کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون: 0333-3452946 , 021-35074664

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات ودروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ یکم نومبر 2019 بروز جمعۃ المبارک بعنوان "نبی اکرم ﷺ سے فکری، قلبی اور عملی تعلق" بعد نمازِ عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 2 نومبر 2019 بروز ہفتہ بعنوان "اسلام، مسلمان اور علم" بعد نمازِ عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض ناظم تربیت حلقہ کراچی شمالی تنظیم اسلامی جناب سید فاروق احمد صاحب نے ادا کیے۔

فکر اسلامی بعنوان "جہاد فی سبیل اللہ" منعقد ہوا جس میں تدریس کی سعادت جناب محمد ارشد صاحب نے حاصل کی۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ "درس کی تیاری کیسے کریں" کے عنوان سے ایک خصوصی محاضرہ منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا فرمائی۔

اسی طرح "میرا گھر میری ذمہ داری" کے عنوان سے خصوصی محاضرات کی سیریز جاری ہیں۔ جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب انجینئر نعمان اختر صاحب ادا فرما رہے ہیں۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں بروز بدھ مورخہ 6 نومبر 2019، ادارۂ ہٰذا میں رجوع الی القرآن کورس کے تحت اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام (دوسرا حصہ) کے موضوع پر فکر اسلامی لیکچر کا اہتمام کیا گیا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کی، طلبہ وطالبات کے علاوہ دیگر احباب نے بھی شرکت فرمائی۔

بروز منگل مورخہ 12 نومبر 2019، ادارۂ ہٰذا میں رجوع الی القرآن کورس کے تحت خصوصی محاضرہ میں "گھر میں دعوت کا کام کیسے"؟ جبکہ فکر اسلامی کے تحت "مسلمان خواتین کے دینی فرائض" موضوعات پر اسپیشل لیکچرز کا اہتمام کیا گیا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیرِ تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی اس لیکچر میں بڑی تعداد میں حضرات وخواتین نے شرکت کی۔

بروز جمعۃ المبارک مورخہ 8 نومبر 2019، ادارہ ہٰذا میں جلسہ سیرت النبی ﷺ کا اہتمام کیا گیا، اس پروگرام میں مختلف مکاتبِ فکر کے اہلِ علم کو مدعو کر کے خطاب کی دعوت دی گئی، مقررین کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

جناب مفتی ثناء المومن صاحب (استاذ مدرسہ مظاہر العلوم حیدرآباد)
جناب علامہ شیر علی صاحب (امام مکہ مسجد لطیف آباد)
جناب شفیع محمد لاکھو صاحب (امیر حلقہ تنظیم اسلامی حیدرآباد)
جناب عاطف محمود صاحب (استاذ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد)

# اعلانات

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں یکم دسمبر سے Lessons of Arabic Language کے عنوان سے نئے کورس کا آغاز کیا جارہا ہے۔ جس میں انگریزی زبان میں عربی گرامر کی تدریس کی جائے گی۔ اوقات و ایام تدریس: ہر اتوار دوپہر 3:00 بجے تا 4:00 تک (برائے حضرات وخواتین)۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں ہفتہ 7 دسمبر 2019 سے قرآن حکیم کی صرفی و نحوی تحلیل کے عنوان سے حضرات وخواتین کے لیے ایک کورس کا آغاز کیا جارہا ہے جس میں سورۃ الکھف کی آیات کا تجزیہ کیا جائے گا اس کورس میں داخلہ کے اہل وہ حضرات وخواتین ہیں جو عربی گرامر کے قواعد سے آشنا ہیں۔

اتوار 8 دسمبر 2019 سے Active Sunday کے عنوان سے حضرات و خواتین کے لیے کورس کا آغاز کیا جارہا ہے اس کورس کا دورانیہ 4 ماہ ہے مضامین میں عربی گرامر برائے قرآن فہمی اوقات صبح 10:00 تا 11:00 بجے جبکہ مطالعہ حدیث (مشکوٰۃ شریف کے ابواب "کتاب الآداب و کتاب الرقاق") کی تدریس صبح 11:00 تا دن 12:00 بجے تک ہونگے ان شاءاللہ

# شعبہ سمع وبصر

**قرآن فورم:**

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سر انجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ رواں ماہ (اکتوبر 2019ء) درج ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

نبی اکرم ﷺ سے ہمارا تعلق اور اس کے تقاضے، نبی اکرم ﷺ کا مشن، صلہ رحمی، موت ایک اٹل حقیقت

## ماہانہ پروگرام:

ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ایک دعوتی پروگرام کا انعقاد ہوتا ہے جس میں جناب شجاع الدین شیخ صاحب مختلف موضوعات پر خطاب فرماتے ہیں۔ اس سلسلہ میں گزشتہ ماہ "نبی اکرم ﷺ سے فکری، قلبی اور عملی تعلق" کے موضوع پر پروگرام ریکارڈ کیا گیا اور بعد ازاں ویب سائٹ کے علاوہ سوشل میڈیا پر بھی اپ لوڈ کیا گیا۔

## مختصر دورانیہ کے کلپس

محترم جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے 2019ء کے دورۂ ترجمۂ قرآن میں سے 24 مختلف موضوعات پر مشتمل مختصر دورانیہ کے کلپس علیحدہ کر کے قرآن چینل کے فیس بک پیج پر شیئر کیے گئے۔

## دینِ اسلام کے تقاضے اور لائحۂ عمل

مورخہ 26 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نمازِ عشاء تنظیم اسلامی کے تحت گلشن اقبال میں منعقد ہونے والے جلسہ کی 2 گھنٹے پر مشتمل ویڈیو کی ایڈیٹنگ کا کام مکمل کر کے اسے قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور قرآن چینل کے یوٹیوب چینل پر ریلیز کیا گیا۔ مذکورہ پروگرام کا ایک 2 منٹ پر مشتمل **Promo** بھی تیار کر کے سوشل میڈیا پر شیئر کیا گیا۔

## اسلام چینل اردو (UK)

اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسبِ ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہوتے رہے:

- حقیقت (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 30 منٹ
- تعلیمات قرآن (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ
- پیغام سیرت (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ